**Shabbir / Fazil**

**22-12-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے SHANTI بل کو اپنی منظوری دے دی ہے، جسے پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس کے دوران منظور کیا گیا تھا۔

2- مہاراشٹر میں BJP، شیو سینا اور NCP پر مشتمل Mahayuti اتحاد نے میونسپل کونسلوں اور نگر پنچایتوں کے انتخابات میں شاندار جیت حاصل کی ہے۔

3- ارونا چل پردیش میں بھی بلدیاتی اداروں کے چناؤ میں حکمراں BJP کو زبردست کامیابی ملی ہے۔

4- سرکار نے کہا ہے کہ Aravalli پہاڑی سلسلے کے ماحولیاتی نظام کو فی الحال کوئی خطرہ نہیں ہے کیونکہ 90 فیصد سے زیادہ خطہ محفوظ زون میں ہے۔

5- سری نواس Ramanujan کے یومِ پیدائش کے موقع پر آج Mathematics یا ریاضی کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔

6- اور : خواتین کرکٹ میں، وشاکھا پٹنم میں بھارت نے پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں سری لنکا کو 8 وکٹ سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

President Shanti Bill

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے بھارت کی کایا پلٹ کیلئے ایٹمی توانائی کو پائیدار انداز سے بروئے کار لانے اور اِس کے فروغ سے متعلق SHANTI بل کو اپنی منظوری دے دی ہے، جسے پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس کے دوران منظور کیا گیا تھا۔

مذکورہ بل میں سول ایٹمی شعبے سے متعلق سبھی قوانین کو اس میں شامل کیا گیا ہے اور اِس شعبے کو پرائیویٹ اداروں کی شمولیت کیلئے بھی کھول دیا گیا ہے۔ SHANTI بل کی رُو سے 1962 کا ایٹمی توانائی ایکٹ اور 2010

کا ایٹمی تلافی سے متعلق سول دینداری سے متعلق ایکٹ منسوخ ہو گئے ہیں، جو ملک میں سول ایٹمی شعبے کے فروغ میں رکاوٹ بن گئے تھے۔

مذکورہ قانون کی رُو سے پرائیویٹ کمپنیاں اور مشترکہ ادارے سرکار سے لائسنس کے تحت ایٹمی پاور پلانٹ تعمیر کرسکیں گے، اپنی ملکیت کے ساتھ انھیں آپریٹ کرسکیں گے اور انھیں بند کرسکیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C Anupam Mishra

SHANTI ایکٹ 2025 سے بھارت کے ایٹمی قانونی فریم ورک کو مستحکم بنایا گیا ہے اور اِسے جدید طرز پر ڈھالا گیا ہے۔ اس کی رُو سے انضباطی نگرانی کے تحت ایٹمی شعبے میں محدود پرائیویٹ شمولیت کی گنجائش ہے۔ اِس کے ذریعے ایٹمی توانائی انضباطی بورڈ کو آئینی طور پر منظوری دے کر انضباطی نظام کو مضبوط بنایا گیا ہے۔ اِس سے ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کی منتقلی کی جانب بھارت کے قدم اور 2047 تک 100 گیگاواٹ ایٹمی توانائی کی صلاحیت حاصل کرنے کے طویل مدتی مقصد کو حاصل کرنے میں سہولت ہوگی۔ SHANTI ایکٹ بھارت کے ایٹمی سفر کا اگلا مرحلہ طے کرنے میں اہم رول ادا کرے گا۔

دلی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ......

Prez Gramg Assent

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے وکست بھارت - روزگار کی گارنٹی اور Ajeevika Mission گرامین یعنی وکست بھارت - جی رام جی بل 2025 کو اپنی منظوری دے دی ہے۔ پارلیمنٹ نے موسم سرما کے حالیہ اجلاس میں اس بل کو منظور کیا تھا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Adarsh

مذکورہ ایکٹ میں 2047 تک وکست بھارت کے قومی نظریے کے عین مطابق ایک دیہی ترقیاتی فریم ورک قائم کرنے کی بات کہی گئی ہے۔ ہر مالی سال میں دیہی علاقوں کے ہر کنبے کو 125 دن کی روزگار کی گارنٹی دی گئی ہے، جس کے بالغ افراد غیر ہنرمند مزدوری کیلئے رضاکارانہ طور پر تیار ہوں۔ سابقہ اسکیم کے تحت صرف 100 دن کے کام کی گنجائش تھی۔ مرکز اور ریاستی سرکاروں کے درمیان فنڈ میں حصہ داری شمال مشرقی اور ہمالیائی ریاستوں کو چھوڑ کر سبھی ریاستوں کیلئے 60 اور 40 کے تناسب میں رہے گی جبکہ شمال مشرقی اور ہمالیائی ریاستوں کیلئے یہ تناسب 90 اور 10 کا رہے گا۔

دیہی ترقیات کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ اِس کے لئے ایک لاکھ 51 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ تجویز کیے گئے ہیں۔

S/B Shivaj Singh Chouhan

مذکورہ ایکٹ 2005 کے مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ کی جگہ لے گا۔

آدرش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

Maha Local Body Polls

مہاراشٹر میں BJP، شیو سینا اور NCP پر مشتمل Mahayuti اتحاد نے بلدیاتی اداروں کے صدور کے 207 عہدوں پر جیت حاصل کرکے 288 میونسپل کونسلوں اور نگر پنچایتوں کے انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔

اپوزیشن کے مہا وِکاس اگھاڑی کو مجموعی طور پر صرف 44 سیٹیں ملی ہیں۔

ریاست کے انتخابی کمیشن کے مطابق BJP نے میونسپل صدور کے 117 عہدوں پر جیت حاصل کی ہے جبکہ شیوسینا کو 53 اور NCP کو 37 عہدوں پر کامیابی ملی ہے۔

کانگریس نے 28 سیٹیں جیتی ہیں جبکہ NCP (SP) کو 7 اور شیوسینا (UBT) کو 9 سیٹیں ملی ہیں۔

286 میونسپل کونسلوں اور نگر پنچایتوں کے چناؤ دو مرحلے میں کرائے گئے تھے جبکہ دیگر دو بلدیاتی اداروں میں امیدوار بلامقابلہ منتخب ہوئے۔x

PM Maha Poll

وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، BJP صدر جے پی نڈّا اور BJP کے قومی کارگزار صدر نتن Nabin نے میونسپل کاؤنسل اور نگر پنچایت انتخابات میں BJP اور Mahayuti کی جیت کیلئے مہاراشٹر کے عوام کے تئیں تشکر کا اظہار کیاہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب مودی نے کہا کہ یہ جیت عوام پر مرکوز ترقی کے ویژن میں یقین اور اعتبار کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے مزید BJP اور Mahayuti کے کارکنان کی زمینی سطح پر کی گئی محنت کی ستائش کی۔

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ حکومت ریاست کے ہر شہری کی امنگوں کو پورا کرنے کیلئے پُر جوش انداز سے کام کرنے کیلئے عہد بستہ ہے۔x

Arunachal Polls

اروناچل پردیش میں بلدیاتی اداروں کے انتخابات میں حکمراں BJP نے ضلع پریشدوں اور گرام پنچایتوں میں بیشتر سیٹیں جیت کر زبردست کامیابی حاصل کی ہے۔ اِن سیٹوں کیلئے چناؤ 15 دسمبر کو کرایا گیا تھا۔

BJP نے 20 وارڈوں میں سے 14 وارڈ جیت کر ایٹہ نگر میونسپل کارپوریشن کا چناؤ بھی فیصلہ کُن انداز سے جیتا ہے۔ البتہ پاسی گھاٹ میونسپل کونسل میں علاقائی پیوپلز پارٹی آف اروناچل آٹھ میں سے پانچ وارڈوں میں کامیابی حاصل کرکے فاتح رہی ہے، جبکہ BJP نے دو سیٹیں جیتی ہیں۔

اِدھر اپوزیشن کانگریس ایٹہ نگر اور پاسی گھاٹ دونوں ہی میونسپل کارپوریشنوں کے انتخابات میں ایک بھی سیٹ نہیں جیت سکی۔

اروناچل پردیش کے وزیراعلیٰ پیما کھانڈو نے پارٹی کی شاندار کامیابی کیلئے لوگوں کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے۔ ریاست کے انتخابی کمیشن کے مطابق BJP کو 245 ضلع پریشد سیٹوں میں سے 170 سیٹوں پر کامیابی ملی ہے۔ اِن میں 59 سیٹیں بلا مقابلہ جیتی ہیں۔

پیوپلز پارٹی آف اروناچل 28 سیٹیں جیت کر دوسری سب سے بڑی پارٹی بن کر ابھری ہے، جبکہ کانگریس کو 7 سیٹیں ملی ہیں۔x

PM Arunachal Polls

وزیراعظم نریندر مودی نے پنچایت انتخابات میں BJP کی جیت اور اچھی حکمرانی کی سیاست کے لئے حمایت کرنے پر اروناچل پردیش کے عوام کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اِس کامیابی سے ریاست کی کایا پلٹ کیلئے کام کرتے رہنے کے عزم کو تقویت ملے گی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Aravalli Protection Clarification

سرکار نے کہا ہے کہ Aravalli پہاڑی سلسلے کے ماحولیاتی نظام کو فی الحال کوئی خطرہ نہیں ہے۔ ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے محکمے کی وزارت نے کہا ہے کہ جنگل بانی کے موجودہ عمل، ماحولیات کیلئے سازگار زون سے متعلق نوٹیفکیشنز نیز کانکنی اور شہری سرگرمیوں کی سخت نگرانی کے ذریعے اِس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ اراولی

پہاڑی سلسلہ فطری وراثت اور ملک کیلئے ماحولیاتی ڈھال کے طور پر برقرار رہے۔

ماحولیات کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے کہا ہے کہ 100 میٹر کے تعلق سے سپریم کورٹ کے فیصلے کی غلط تشریح کی جا رہی ہے۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ اراولی کے بارے میں غلط باتیں پھیلانے کا سلسلہ بند کریں۔

S/B 0815 SI-Bhupendra Yadav

جناب بھوپیندر یادو نے کہا کہ اراولی پہاڑی سلسلے کا مجموعی رقبہ ایک لاکھ 47 ہزار مربع کلومیٹر ہے اور محض صفر اعشاریہ ایک - نو فیصد علاقے میں ہی کانکنی کی اجازت ہے۔ جناب یادو نے کہا کہ عدالت عالیہ کے فیصلے کے مطابق اراولی کا 90 فیصد علاقہ محفوظ زون کے دائرے میں آتا ہے اور اِس معاملے میں کوئی نرمی نہیں کی گئی ہے۔

اراولی پہاڑی سلسلہ دلی، ہریانہ، راجستھان اور گجرات سمیت ملک کی چار ریاستوں میں پھیلا ہوا ہے۔

جناب بھوپیندر یادو نے زور دے کر یہ بھی کہا کہ دلی کی اراولی پہاڑیوں میں کسی طرح کی کانکنی کی اجازت نہیں ہے۔x

National Mathematics Day

آج Mathematics یا ریاضی کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن بھارت کے سب سے بااثر اور عالمی سطح پر شہرت یافتہ ریاضی دانوں میں سے ایک Srinivasa Ramanujan کے یومِ پیدائش کی یاد میں منایا جاتا ہے۔

یہ دن سائنس کے شعبے میں ہونے والی ترقی اور روزمرہ کی زندگی میں ریاضی کی اہمیت کو اُجاگر کرنے کیلئے تعلیمی اور تحقیقی اداروں نیز تعلیمی فورموں میں منایا جا رہا ہے۔ ریاضی کا قومی دن منائے جانے کی اس پہل کا سال 2011 میں حکومت نے سرکاری طور سے آغاز کیا تھا اور اس شعبے میں جناب Ramanujan کی غیرمعمولی خدمات کے اعتراف میں 22 دسمبر کو ریاضی کا قومی دن بنایا گیا تھا۔x

Bangladesh Murder

بنگلہ دیش پولیس نے کہا ہے کہ اُن کے پاس ایسی کوئی مخصوص جانکاری نہیں ہے جس سے یہ ظاہر ہو کہ انقلاب منچ کے ترجمان شریف عثمان بن ہادی کی ہلاکت کے معاملے کا اصل مشتبہ شخص فیصل کریم مسعود ملک سے باہر چلا گیا ہے۔

ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل انسپیکٹر جنرل آف پولیس رفیق الاسلام نے کہا کہ قانون

نافذ کرنے والی اور انٹیلی جینٹس ایجنسیاں فیصل کا پتہ لگانے کیلئے سرگرمی کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔ x

Womens T20 Cricket

خواتین کرکٹ میں، کل رات وشاکھا پٹنم میں بھارت نے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں سری لنکا کو 8 وکٹ سے ہرا دیا۔ اِس طرح بھارت نے پانچ میچوں کی سیریز میں ایک۔صفر کی سبقت حاصل کرلی ہے۔

سری لنکا نے بھارت کے سامنے 122 رن کا نشانہ رکھا تھا جو اُس نے 14 اوورس اور چار گیندوں میں محض دو وکٹ کھوکر حاصل کرلیا۔ بھارت کی طرف سے Jemimah Rodrigues نے 44 گیندوں پر 69 رن بنائے اور آخر تک آؤٹ نہیں ہوئیں۔ اُنھیں میچ کی بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

Must Announcement Public Speak

آج رات ساڑھے نو بجے ہندی اور انگریزی کے ہمارے Phone in پروگرام میں جو مباحثہ نشر کیا جائے گا، اُس کا موضوع ہے: صارفین کے حقوق اور ذمہ داریاں۔

اِس میں صارفین کے امور کی سکریٹری Nidhi Khare شرکت کریں گی۔

آپ بھی اِس موضوع پر اپنے سوال پوچھ سکتے ہیں۔

Divya Kala Mela

Divya کلا میلا کا 28 واں ایڈیشن کل نئی دلّی میں کرتویہ پتھ پر رنگارنگ اختتامی تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ نو دن تک جاری رہنے والے اس میلے میں ملک بھر کے دِویانگ جنوں کی تخلیقی صلاحیت، استقامت اور اُن کا کاروباری جذبہ دیکھنے کو ملا۔

سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کی وزارت کے تحت معذور افراد کو بااختیار بنانے کے محکمے کی جانب سے منعقد کردہ دِویہ کلا میلے میں 20 ریاستوں کے 100 سے زائد دِویانگ کاریگروں اور کاروباریوں نے حصہ لیا۔

اختتامی تقریب میں دِویانگ فنکاروں کی ثقافتی پرفارمنسز ہوئیں، جن میں موسیقی، رقص اور لوک روایات کو اُجاگر کیا گیا اور میلے میں آنے والے لوگوں اُن کی حوصلہ افزائی کی۔

مذکورہ میلے نے معذور افراد کو اپنے ہاتھوں سے بنے سامان، گھر کی تزئین و آرائش کے سامان، کپڑے اور دیگر تخلیقی مصنوعات کی نمائش کرنے اور انہیں فروخت کرنے کا موقع فراہم کیا، جس سے خود-انحصاری اور شمولیت والی ترقی کو فروغ حاصل ہوا۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے اپنی بیٹی کے ساتھ میلے میں حصہ لینے والی محترمہ شالنی نے قومی دِویانگ جَن فائنَنس اور ڈوپلمنٹ کارپوریشن کے تئیں تشکر کا اظہار کیا۔

انہوں نے کہا کہ

S/B - Shalini in GNR Mail

Pakistan Protest

پاکستان میں، ایک ہزار 300 سے زائد اہلکاروں اور سکیورٹی عملے کو پاکستان تحریک انصاف کے امکانی احتجاج کے پیش نظر امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے راولپنڈی میں تعینات کیا گیا ہے۔

پولیس اور سکیورٹی عملے کی تعیناتی کی یہ پیشرفت سابق پاکستانی وزیر اعظم عمران خان کی جانب سے توشہ خانہ-دوئم بدعنوانی معاملے میں انہیں اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو 17 سال قید کی سزا سنائے جانے کے بعد، اپنے حمایتوں کو ملک گیر احتجاج و مظاہرے کیلئے تیار رہنے کو کہنے کے بعد ہوئی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف PTI نے ایک بیان میں بتایا کہ منظّم احتجاجوں سے قبل یکجا ہونے سے متعلق احکام تمام صوبوں میں جاری کیے گئے ہیں۔

توشہ خانہ-دوئم کا معاملہ، عمران خان اور ان کی اہلیہ کو 2021 میں سعودی حکومت کی جانب سے ملے ریاستی تحائف میں مبینہ دھوکہ دہی سے متعلق ہے۔×

US Ukraine Talks

وہائٹ ہاؤس کے خصوصی ایلچی نے کہا ہے کہ انہوں نے روس اور یوکرین کے درمیان تقریباً 4 سال سے جاری جنگ کے خاتمے کیلئے فلوریڈا میں یوکرین اور یوروپی نمائندوں کے ساتھ مثبت اور تعمیری بات چیت کی ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک پیغام میں Steve Witkoff نے بتایا کہ اِن مذاکرات کا مقصد یوکرین، امریکہ اور یوروپ کے درمیان ایک مشترکہ اسٹریٹیجک حکمتِ عملی پر ہم آہنگی پیدا کرنا تھا۔ یہ بات چیت ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے امن کے قیام کیلئے کئی مہینوں سے جاری کوششوں کا حصہ ہے۔ صدر ٹرمپ نے جنگ کے خاتمے کیلئے وسیع سفارتی سرگرمیاں شروع کی ہیں، لیکن اِن کوششوں کو ماسکو اور Kyiv کے ایک دوسرے سے بالکل مختلف مطالبات کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کلیم احمد
شکریہ -نتیکا تیاگی

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے وکست بھارت-جی رام جی بل سے متعلق خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس بل کو صدر جمہوریہ کی جانب سے بھی منظوری حاصل ہوگئی ہے، جس کے تحت دیہی کنبوں کو 125 دن کے روزگار کی گارنٹی دی گئی ہے۔

اسی اخبار کی ایک اور نمایاں خبر ہے وزیراعظم نریندر مودی نے آسام میں کروڑوں روپے کے براؤن فیلڈ امونیا یوریا کھاد پلانٹ کا سنگِ بنیاد رکھا۔ پی ایم نے کہا کہ حکومت ریاست کے وقار کو بڑھانے والے منصوبوں کو ترجیح دیتی ہے۔ انھوں نے گلوکار بھوپین ہزاریکا کو بھارت رتن سے نوازے جانے اور سیمی کنڈکٹر یونٹ قائم کئے جانے کا بھی ذکر کیا۔

اخبار کی کچھ اور اہم سرخیاں اس طرح ہیں:

☆ بنگلہ دیش ہائی کمیشن کی سکیورٹی پر وزارت خارجہ کی وضاحت۔ سکیورٹی کی صورتحال کو خراب کرنے کی کوشش نہیں کی گئی۔
☆ مہاراشٹر لوکل باڈی الیکشن، بی جے پی سب سے بڑی پارٹی بن کر اُبھری۔
☆ یو پی اسمبلی میں آج پیش کیا جائے گا عبوری بجٹ۔

روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی ہے ریلوے کرایہ بڑھنے سے ٹرین کا سفر مہنگا ہوگا، ماہانہ پاس کی قیمت نہیں بڑھے گی۔ نئی شرحیں 26 دسمبر سے نافذ ہوں گی۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی اہم سرخی ہے، شمالی ہند میں شدّت کی سردی، شدید کہرے کی وجہ سے نظام زندگی مفلوج۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے SHANTI بل کو اپنی منظوری دے دی ہے، جسے پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس کے دوران منظور کیا گیا تھا۔

2- مہاراشٹر میں BJP، شیو سینا اور NCP پر مشتمل Mahayuti اتحاد نے میونسپل کونسلوں اور نگر پنچایتوں کے انتخابات میں شاندار جیت حاصل کی ہے۔

3- اروناچل پردیش میں بھی بلدیاتی اداروں کے چناؤ میں حکمراں BJP کو زبردست کامیابی ملی ہے۔

4- سرکار نے کہا ہے کہ Aravalli پہاڑی سلسلے کے ماحولیاتی نظام کو فی الحال کوئی خطرہ نہیں ہے کیونکہ 90 فیصد سے زیادہ خطہ محفوظ زون میں ہے۔

5- سری نواس Ramanujan کے یومِ پیدائش کے موقع پر آج Mathematics یا ریاضی کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔

6- اور : خواتین کرکٹ میں، وشاکھا پٹنم میں بھارت نے پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں سری لنکا کو 8 وکٹ سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------